بچوں کا رسالہ

Worksheets for kids



اپنے دین کو سیکھیں

رنگ برنگی دنیا میں

Struggling slaves

Kids

مذاق کرنے کے آداب

ہم دن میں بعض اوقات کام میں مصروف ہوتے تو بعض اوقات دلچسپ کیفیت ہوتی ہے ۔ کبھی مزاح سے لطف لینا چاہتے ہیں ۔



مذاق ہمارے لئے خوشی اور سکون کا باعث بنتا ہے۔



مزاق کے آداب میں ہمارے دین نے ہمیں یہ سکھایا ہے کہ

بڑے عمر کے لوگوں کا احترام کرنا ۔

جھوٹ نہیں بولنا۔

دوسروں کا مزاق نہیں اڈانا۔

دوسروں کو تکلیف نہیں دینا ۔



نیچے دیئے گئے صورت حال میں غلط رویہ پر ✔ نشان بنائیں

حامد اپنے بھائی پر قلم پھیکا، اسے چوٹ لگی۔ جب والد نے پوچھا : حامد تم نے اپنے بھائی کو کیوں مارا، تو حامد بولا: میں مزاق کر رہا ہوں۔ حامد کا کیا غلط رویہ ہے؟

☐ ☆ بھائی پر قلم پھینکنا

☐ ☆ بھائی سے بات کرنا

سعد نے اپنے داداجی کی چھڑی چھپا دی، جب داداجی چھڑی ڈھونڈنے لگے تب سعد ہنسنے لگا اور بولا میں نے ہی اسے چھپایا ہے، کیونکہ میں مزاق کرنا چاہتا تھا۔ سعد کا کیا غلط رویہ ہے؟

☐ ☆ چھڑی چھپانا

☐ ☆ داداجی کا چھڑی ڈھونڈنا

حامد نے استاد سے شکایت کی کہ سلمان میرے بارے میں کلاس فیلو کے سامنے مزاق کرہا ہے اور برے الفاظ کہہ رہا ہے۔ جب استاد نے پوچھا تو سلمان کہنے لگا: میں مذاق کر رہا تھا۔ سلمان کا کیا غلط رویہ ہے؟

☐ ☆ دوسروں کا مزاق اڈانا اور برے الفاظ کہنا۔

☐ ☆ دوستوں سے بات کرنا

مناسب سلوک پر ✔ نشان بنائیں

کسی کو دھکہ دے کر نیچے گرانا؟



☆ صحیح سلوک ☐

☆ غلط سلوک ☐

کسی کی آنکھ بند کر کے کھیلنا؟



☆ صحیح سلوک ☐

☆ غلط سلوک ☐

کوئی کرسی پر بیٹھ رہا ہو اس کی کرسی جگہ سے ہٹا دینا؟



☆ صحیح سلوک ☐

☆ غلط سلوک ☐

دوستوں کے درمیان دشمنی ، نفرت اور عداوت پیدا کرنا؟



☆ صحیح سلوک ☐

☆ غلط سلوک ☐

مذہب کے معاملات میں مذاق نہیں کرنا چاہیے ۔



حامد اپنے دوست کے پاس گیا، اس نے وہاں موجود لوگوں میں سے کسی کو مذہب کے معاملے میں مذاق کرتے ہوئے سنا۔

حامد نے اس کو مذہبی معاملات کے بارے میں مذاق کرنے کے خطرے سے متعلق نصیحت کی۔



مذاق کرنے میں بھی نبی ﷺ کی پیروی کرنا چاہیے ۔

نبی ﷺ اپنے صحابہ کے ساتھ مزاح فرماتے تھے، مگر آپ ﷺ سچ کے سوا کچھ نہ کہتے تھے ۔



ہمیں چاہیے کہ کوئی دلچسپ اور تفریحی کھیل یا کوئی قصہ اور لطیفہ سناکر مزاح کریں۔

صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

اگر آپ کے کسی دوست کو مزاح نہیں پسند ہو تو آپ کیا کرو گے؟

- ☆ پھر بھی مذاق کرو گے
- ☆ انکا احترام کرتے ہوئے مزاق سے اجتناب کرو گے
- ☆ اس کے ساتھ دوستی رکھنا چھوڑ دو گے

مزاق کس طرح کا ہو؟

- ☆ دلچسپ اور تفریحی کھیل
- ☆ قصہ اور لطیفہ سنانا
- ☆ کسی کو دکھ پہنچا کر ہنسنا

مزاق کے آداب کیا بتائے گیے؟

- ☆ بڑے عمر کے لوگوں کا احترام کرنا ۔
- ☆ جھوٹ اور تکلیف نہیں دینا اور دوسروں کا مزاق نہیں اڈانا۔
- ☆ مذاق میں ہر کام کر سکتے ہیں ۔

بات کرنے کے آداب

یہ اللہ کا فضل ہے کہ اس نے ہمیں زبان کی نعمت عطا فرمائی ہے ۔



اللہ فرماتا ہے:

کیا ہم نے اُسے دو آنکھیں؟ اور ایک زبان اور دو ہونٹ نہیں دیے؟

سورۃ البلد:8-9



ذرا تصور کریں کہ اگر اس نعمت سے محروم ہو جاتے تو ہمارا کیا حال ہوتا۔

ہم خواہش کے مطابق بات اظہار کرنے کے قابل نہیں ہوتے ۔



ہمارا فرض ہے کہ ہم اللہ کا شکر ادا کریں اور گفتگو کے مناسب آداب کا خیال رکھیں ۔

بات کرنے کے آداب میں سے ہے کہ:



سچ بات بولیں

اللہ کا ذکر کریں

نبی ﷺ پر درود بھیجیں



پاکیزہ اور اچھی بات کریں

ممنوع گفتگو سے اجتناب کریں

ہم ان آداب کے بارے میں مزید معلومات جانیں گے۔



سچ بات بولنا:

نبی ﷺ نے فرمایا : بیشک سچائی نیکی کی طرف لے جاتی ہے، اور نیکی جنت کی طرف لے جاتی ہے ۔



بخاری:4906

جب میں کوئی خبر آگے پہنچا رہا ہوں تو مجھے سچ بات پہنچانا ہو گا۔



اگر میں کسی ایسی بات کے بارے میں کہانی سناؤں جو میرے ساتھ پیش آئی تھی تو میں سچی بات ہی بتاؤں گا ۔

جب میں اپنے والد کو بتاتا ہوں کہ سکول میں میرے ساتھ کیا ہوا تو میں سچ ہی بولوں گا ۔

نبی ﷺ کی بتائی ہوئی حدیث کہتی ہے کہ

*سچائی ہی نجات ہے۔ *



میں دوسروں کے ساتھ سچی بات کرتا ہوں کیونکہ اللہ سچ بولنے والوں کے ساتھ ہے ۔

صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

سچائی کن چیزوں میں ہونی چاہئے؟

☆ قول یا عمل کوئی ایک میں ☐

☆ قول اور عمل دونوں میں ☐

نبی ﷺ کی حدیث کا مفہوم کیا ہے؟

☆ سچائی ہی نجات ہے ☐

☆ اچھی بات کرو ☐

سورۃ بلد کی آیت میں کونسی انعامات بتائے گیے؟

☆ آنکھ، زبان اور ہونٹ ☐

☆ دل، دماغ اور کان ☐

...انشاءاللہ، بقیہ اگلے رسالہ میں